# MEDICAL & DENTAL COLLEGE ADMISSION TEST (MDCAT) 2022

## IMPORTANT GUIDELINES FOR THE CANDIDATES

The University of Health Sciences (UHS), Lahore, shall conduct the Medical & Dental College Admission Test (MDCAT)-2022, on behalf of the Pakistan Medical Commission (PMC) and the Government of Punjab on **Sunday, 13th November 2022**.

For guidance of the candidates, the following instructions are being issued:

### Entry into the Test Centre

(i) The centres shall open at **09:00 A.M**. and shall be closed/sealed at **10:00 A.M**. Nobody shall be allowed to enter the test centre after that. All candidates are advised to identify exact location of their centres a day earlier.

(ii) The candidates must bring with them:
- (a) Original CNIC/POC/JC/Passport/B-Form (Photocopies are not acceptable). Please bring the same document with which you registered for MDCAT-2022
- (b) A print-outs of Admittance Card issued by the University
- (c) A clean and transparent clip board with nothing written on it
- (d) Two blue ball point pens (not pointers, markers, pencils, jell pens, ink pens, etc.)
- (e) A small, transparent bottle of drinking water

**Note: A candidate who fails to bring Original CNIC/POC/JC/Passport/B-Form and print-out of his/her Admittance Card shall not be allowed to appear in the test.**

(iii) The entry into the test centres with the following items is strictly prohibited with penalty of immediate removal of the candidate from the centre and cancellation of paper:
Mobile Phone, Calculator, Books or Notes, Weapons or Arms, Bags, Electronic Devices such as Smart and Digital Watches (Analog watch is allowed), Headphones, Bluetooth, Metallic Pens, and other Personal Belongings, etc.

(iv) No facility shall be available at the centres for keeping any personal belongings of the candidates such as mobile phones, etc.

### Before Attempting the Test

(i) On receipt of the MCQ Response Form (Answer Sheet) and the Question Paper, the candidate should carefully read the instructions printed on them and accordingly fill his/her Roll Number, enter his/her particulars and put his/her signatures on the Response Form and the first page of Question Paper.


(ii) The exam will start at exactly **11:00 A.M**. and will conclude at **02:30 P.M**. Candidates will be required to mark their attendance twice during the exam.

### How to Fill Roll Number on the Response Form

**Blank Response Form**




**Examples of filling the roll numbers on Response Form**




### MCQ Response Form

(i) The candidate shall answer the test by filling the circles on the upper coloured sheet with a **blue ball point pen** only. The impression of the circle filled on the upper sheet will be automatically transferred to the lower carbonized sheet.


(ii) The candidate is NOT allowed to detach the two sheets of response form before the test is over.

(iii) Response Form once issued shall not be changed on account of any mistake of the candidate.


(iv) Use blue ball point pen only to fill the appropriate circle on the Response Form.

(v) Candidates must not mark answers on the Question Paper.

**Wrong Way of Marking**




**Correct Way of Marking**




### Rough Work

Rough work must be done on the blank page provided in the Question Paper for the purpose.

### At the End of the Test

(i) The candidate shall first return the upper, coloured sheet of Response Form and then the first page of the Question Paper to the invigilation staff and take the lower, carbonized sheet and Question Paper with him / her.

(ii) The Answer Key shall be uploaded on PMC website (**https://pmc.gov.pk**) after **06:00 P.M**. on **13th November 2022**.

(iii) Should a candidate wish to query a particular question in the test, he/she must send an email at **mdcat2022@uhs.edu.pk** by **05:00 P.M**. on **13th November 2022**.

### IMPORTANT

1. Candidates must strictly follow these instructions. Candidates not complying with the instructions shall be summarily disqualified.
2. For detailed instructions regarding test procedures and regulations, please carefully go through the "**Information Booklet MDCAT-2022**" available at UHS website: **www.uhs.edu.pk**.

Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore
Vice Chancellor

University of Health Sciences
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
24/7 Helpline# 042-111-333-366

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

Size: 45x4

# میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج داخلہ ٹیسٹ
# (MDCAT) 2022

## امیدوارن کے لیے ضروری ہدایات

پاکستان میڈیکل کمیشن اور حکومت پنجاب کی جانب سے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، لاہور میڈیکل اور ڈینٹل کالج میں داخلہ کے لئے ایڈمیشن ٹیسٹ (MDCAT-2022) کا انعقاد، بروز اتوار، مؤرخہ 13 نومبر، 2022 کو عمل میں لا رہی ہے۔

امیدواروں کی سہولت کے لئے درج ذیل ہدایات جاری کی جا رہی ہیں:

### امتحانی مراکز میں داخلہ

(i) مراکز صبح **9** بجے کھلیں گے اور صبح **10** بجے بند کر دیے جائیں گے۔ اس کے بعد کسی کو امتحانی مرکز میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایک دن پہلے ہی اپنے امتحانی مرکز کی درست لوکیشن (پتہ) کی نشاندہی کر لیں

(ii) امیدواران اپنے ہمراہ لائیں:

(الف) اصل قومی شناختی کارڈ/JC/POC/پاسپورٹ/ب-فارم (فوٹو کاپیاں قابلِ قبول نہ ہوں گی)، براہِ کرم اپنے ہمراہ وہی دستاویزات لائیں جن کے ذریعے MDCAT-2022 میں رجسٹریشن کروائی گئی ہے

(ب) یونیورسٹی کی جانب سے جاری کردہ ایڈمٹنس کارڈ کا پرنٹ آؤٹ

(ج) ایک صاف اور ٹرانسپیرنٹ (شفاف) کلپ بورڈ، جس پر کچھ نہ لکھا ہو

(د) نیلی سیاہی کے حامل دو بال پوائنٹ (پوائنٹر، مارکرز، پنسلز، جیل پین، انک پین وغیرہ ہمراہ نہ لائیں)

(ہ) ایک ٹرانسپیرنٹ، چھوٹی پینے کے پانی کی بوتل

**نوٹ: ایسا امیدوار جو اپنا اصل قومی شناختی کارڈ/JC/POC/پاسپورٹ/ب-فارم اور ایڈمٹنس کارڈ کا پرنٹ آؤٹ ہمراہ لانے میں ناکام رہا، اسے ٹیسٹ دینے کی اجازت نہ ہوگی**

(iii) امتحانی مراکز میں مندرجہ ذیل اشیاء کے ساتھ داخلہ سختی سے منع ہے، خلاف ورزی کی صورت میں امیدوار کو فوراً مرکز سے نکالنے اور پیپر منسوخ کرنے کی سزا دی جائے گی

**موبائل فون، کیلکولیٹر، کتابیں اور نوٹس، ہتھیار یا اسلحہ، بیگز، الیکٹرانک ڈیوائسز مثلاً سمارٹ اور ڈیجیٹل گھڑیاں (اینالوگ گھڑی کی اجازت ہے)، ہیڈ فونز، بلوٹوتھ ڈیوائس اور میٹیلک پین اور دیگر ذاتی سامان وغیرہ**

(iv) امیدواروں کا ذاتی سامان جیسے کہ موبائل فون وغیرہ رکھنے کیلئے امتحانی مراکز پر کوئی سہولت دستیاب نہ ہوگی

### ٹیسٹ شروع کرنے سے پہلے

(i) MCQ ریسپانس فارم (جوابی شیٹ) اور سوالیہ پرچہ موصول ہونے پر، امیدواران پر درج ہدایات کو غور سے پڑھیں اور اس کے مطابق اپنا رول نمبر لکھیں، اپنی تفصیلات درج کر کے ریسپانس فارم اور سوالیہ پرچہ کے پہلے صفحے پر اپنے دستخط کریں۔


(ii) امتحان ٹھیک صبح **11** بجے شروع ہوگا اور دوپہر **02:30** پر اختتام پذیر ہوگا۔ امیدواروں کو امتحان کے دوران دو بار اپنی حاضری لگانا ہوگی۔

### ریسپانس فارم پر رول نمبر لکھنے کا طریقہ

**Blank Response Form**




**Examples of filling the roll numbers on Response Form**




### MCQ ریسپانس فارم

(i) امیدوار صرف **نیلے بال پوائنٹ** سے اوپر والی رنگدار شیٹ پر موجود دائروں کو فِل کر کے سوالات کے جواب دیں۔ اوپر والی شیٹ پر فِل کئے ہوئے دائرے کا امپریشن خود بخود نچلی کاربنائزڈ شیٹ پر منتقل ہو جائے گا۔


(ii) امیدوار کو امتحان ختم ہونے سے پہلے ریسپانس فارم کی دونوں شیٹس کو الگ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

(iii) ایک بار جاری ہونے والے ریسپانس فارم کو امیدوار کی کسی غلطی کی بناء پر تبدیل نہیں کیا جائے گا۔


(iv) ریسپانس فارم پر موجود دائروں کو مناسب طریقے سے فِل کرنے کے لئے صرف نیلے بال پوائنٹ کا استعمال کریں۔

(v) امیدوار سوالیہ پرچے پر جوابات کے نشان ہرگز نہ لگائیں۔

**Wrong Way of Marking**




**Correct Way of Marking**




### رَف کام

رَف کام سوالیہ پرچہ میں دیئے گئے خالی صفحہ پر کیا جائے، جو اسی مقصد کیلئے ہیں۔

### ٹیسٹ کے اختتام پر

(i) امیدوار سب سے پہلے ریسپانس فارم کی اوپر والی، رنگدار شیٹ اور پھر سوالیہ پرچہ کا پہلا صفحہ نگران عملہ کو واپس کرے گا اور نچلی، کاربنائزڈ شیٹ اور سوالیہ پرچہ اپنے ساتھ لے جائے گا۔

(ii) Answer Key پی ایم سی کی ویب سائٹ (https://pmc.gov.pk) پر **13** نومبر **2022** کو شام 06:00 بجے کے بعد اپ لوڈ کی جائے گی۔

(iii) اگر کوئی امیدوار ٹیسٹ کے بعد کسی سوال کو چیلنج کرنا چاہتا ہو، وہ **13** نومبر **2022** کو شام **5** بجے تک **mdcat2022@uhs.edu.pk** پر ای میل بھیج سکتا ہے۔

### اہم بات

1۔ امیدواروں کو ان ہدایات پر سختی سے عمل کرنا ہوگا۔ ہدایات پر عمل نہ کرنے والے امیدواروں کو فی الفور نا اہل قرار دیا جائے گا۔

2۔ ٹیسٹ کے طریقہ کار اور ضوابط سے متعلق تفصیلی معلومات کے لیے براہِ کرم یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی ویب سائٹ **www.uhs.edu.pk**، پر دستیاب "Information Booklet MDCAT-2022" کا بغور مطالعہ کریں

پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور
وائس چانسلر

**یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، 24/7 ہیلپ لائن: 042-111-333-366**
خیابان جامعہ پنجاب، لاہور- 54600 ویب سائٹ: www.uhs.edu.pk

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

Size: 27x4